NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE NATIONAL ACCOUNTABILITY (AMENDMENT) BILL, 2021 (Ordinance No. V of 2021)

I, Chairman of the Standing Committee on Law and Justice, have the honour to present this report on the Bill further to amend the National Accountability Ordinance. 1999, [The National Accountability (Amendment) Bill, 2021] (Government's Bill) referred to the Committee on 1st April, 2021.

2. The Committee comprises the following:-

1.	**Mr. Riaz Fatyana**	**Chairman**
2.	Mr. Atta Ullah	Member
3.	Mr. Lal Chand	Member
4.	Mr. Muhammad Farooq Azam Malik	Member
5.	Ms. Kishwer Zehra	Member
6.	Ms. Maleeka Ali Bokhari	Member
7.	Mr. Muhammad Sana Ullah Khan Masti Khel	Member
8.	Malik Muhammad Ehsan Ullah Tiwana	Member
9.	Agha Hassan Baloch	Member
10.	Mr. Junaid Akbar	Member
11.	Ms. Shunila Ruth	Member
12.	Mr. Mohsin Nawaz Ranjha	Member
13.	Rana Sana Ullah Khan	Member
14.	Ch. Mehmood Bashir Virk	Member
15.	Mr. Usman Ibrahim	Member
16.	Khawaja Saad Rafique	Member
17.	Syed Hussain Tariq	Member
18.	Syed Naveed Qamar	Member
19.	Dr. Nafisa Shah	Member
20.	Ms. Aliya Kamran	Member
21.	Barrister Dr. Muhammad Farogh Naseem Minister for Law and Justice	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **(Annex-A)**, in its meetings held on 6th May and 3rd June 2021, and recommended with majority, that the Bill placed at **(Annex-B),** may be passed by the Assembly. However, Dissent Note of, Dr. Nafeesa shah, Syed Naveed Qamar, Syed Hussain Tariq, MNAs is placed as **Annex-C,** whereas Dissent Note of Ms. Aliya Kamran, MNA is placed as **Annex** -D.

Sd/-
TAHIR HUSSAIN
Secretary
Islamabad, the 9th June, 2021

Sd/-
(RIAZ FATYANA)
Chairman

ANNEX-A'

AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY

ORDINANCE NO. V OF 2021

AN

ORDINANCE

to amend the National Accountability Ordinance, 1999

WHEREAS it is expedient further to amend the National Accountability Ordinance, 1999 (No. XVIII of 1999), for the purposes hereinafter appearing;

AND WHEREAS the Senate and the National Assembly are not in session and the President is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW THEREFORE, in exercise of powers conferred by clause(1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President is pleased to make and promulgate the following Ordinance:-

1. **Short title and commencement.**—This Ordinance may be called the National Accountability (Amendment) Ordinance, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 8, Ordinance XVIII of 1999.**—In the National Accountability Ordinance, 1999 (No. XVIII of 1999), for sub-clause (iii) of clause (a) of section 8, the following shall be substituted, namely:-

"The Prosecutor General Accountability shall hold office for a period of three (03) years and shall be eligible for re-appointment for a similar term or terms.".

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Section 8 of the National Accountability Ordinance, 1999 (XVII of 1999) provides that the President of Pakistan, in consultation with the Chairman NAB, may appoint any person, who is qualified to be appointed as a Judge of the Supreme Court, as Prosecutor General Accountability for a term of three years. This provision of the Ordinance is very restrictive. To amend the said provision, so that the appointment of Prosecutor General becomes less restrictive, the National Accountability (Amendment) Ordinance, 2021 (V of 2021) has been made and promulgated by the President under Article 89(1) of the Constitution.

Minister-in-charge

Annex- "B"

AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE

A

BILL

further to amend the National Accountability Ordinance. 1999

WHEREAS it is expedient further to amend the National Accountability *Ordinance*, 1999 (No. XVIII of 1999), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement. -** This Act may be called the National Accountability (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 8, Act XVIII of 1999.-** In the National Accountability *Ordinance*, 1999 (No. XVIII of 1999), for sub-clause (iii) of clause (a) of section 8, the following shall be substituted, namely: -

"(iii) The Prosecutor General Accountability shall hold office for a period of three (03) years and shall be eligible for re-appointment for a similar term or terms.".

STATEMENT OF SUBJECTS AND REASONS

Section 8 of the National Accountability Ordinance, 1999 (XVII of 1999) provides that the President of Pakistan, in consultation with the Chairman NAB, may appoint any person, who is qualified to be appointed as a Judge of the Supreme Court, as Prosecutor General Accountability for a term of three years. This provision of the Ordinance is very restrictive. To amend the said provision, so that the appointment of Prosecutor General becomes less restrictive, the National Accountability (Amendment) Ordinance, 2021 (V of 2021) has been made and promulgated by the President under Article 89(1) of the Constitution.

Minister-in-charge

Annex - C

Note of Dissent

NAB Ordinance 2021

The frequent use of ordinances makes law whimsical and open to abuse of the executive.

It is extremely concerning to note that this government resorts to promulgation of ordinances for appointments, for terminations and for extensions of different offices.

PPP members reject this ordinance because it is mala fide and only seems to serve the agenda of the present regime to use NAB as an instrument of political engineering.

The extension of the term of NABs public prosecutor can serve no other purpose.

Sd/
Dr. Nafisa Shah
MNA

Sd/
Naveed Qamar
MNA

Sd/
HussainTariq
MNA

ANNEX – 'D'

NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

Respected Mr. Riaz Fityana
Chairman standing committee
On law and Justice

Assalam-o-alikum

It is hereby stated that the national accountability (Amendment) Bill,2021 has been introduced to facilitate DG NAB. Hence the malafide of the Government is reveled and the nexus between the Government and NAB has been exposed. As per the original ordinance the appointment was only for one time. The ground is being prepared to reappoint the said person. Definitely it will be possible on the basis of majority. But it would not be acceptable on the basis of ethics and logic. However, note of dissent be recorded so that our view point be known to everyone.

Sd/
Aliya Kamran
MNA

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

قومی احتساب (ترمیمی) بل،۲۰۲۱ء (آرڈیننس نمبر ۵ بابت ۲۰۲۱ء) پر قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف یکم فروری، ۲۰۲۱ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [قومی احتساب (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:-

۱۔	جناب ریاض فتیانہ	چیئرمین
۲۔	جناب عطاء اللہ	رکن
۳۔	جناب لال چند	رکن
۴۔	جناب محمد فاروق اعظم ملک	رکن
۵۔	محترمہ کشور زہرا	رکن
۶۔	محترمہ ملیکہ علی بخاری	رکن
۷۔	جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل	رکن
۸۔	ملک محمد احسان اللہ ٹوانہ	رکن
۹۔	آغا حسن بلوچ	رکن
۱۰۔	جناب شیر علی ارباب	رکن
۱۱۔	محترمہ شنیلہ روت	رکن
۱۲۔	جناب سعد وسیم	رکن
۱۳۔	رانا ثناء اللہ خان	رکن
۱۴۔	چوہدری محمود بشیر ورک	رکن
۱۵۔	جناب عثمان ابراہیم	رکن
۱۶۔	خواجہ سعد رفیق	رکن
۱۷۔	سید حسین طارق	رکن
۱۸۔	سید نوید قمر	رکن
۱۹۔	ڈاکٹر نفیسہ شاہ	رکن
۲۰۔	محترمہ عالیہ کامران	رکن
۲۱۔	بیرسٹر ڈاکٹر محمد فروغ نسیم وزیر برائے قانون وانصاف	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۲۶ر مئی اور ۳ر جون، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔ الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اکثریت کی بنیاد پر سفارش کی کہ منسلکہ۔ ب پر دیئے گئے بل کی اسمبلی منظوری دے۔ تاہم ڈاکٹر نفیسہ شاہ، سید نوید قمر اور سید حسین طارق اراکین قومی اسمبلی کا اختلافی نوٹ منسلکہ۔ ج پر اور محترمہ عالیہ کامران، رکن قومی اسمبلی کا اختلافی نوٹ منسلکہ۔ د کے طور پر پیش ہے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

دستخط/۔
(ریاض فتیانہ)
چیئرمین

اسلام آباد، ۹ر جون، ۲۰۲۱ء

منسلکہ-الف

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

آرڈیننس نمبر ۵ مجریہ ۲۰۲۱ء

قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء کو ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے، قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء) کو مزید ترمیم کیا جائے؛

اور چونکہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے ہیں اور صدر مملکت کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہو گیا ہے؛

لہذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رُو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس قومی احتساب (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔** قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء) میں، دفعہ ۸ کی شق (الف) کی ذیلی شق (سوم) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''پروسیکیوٹر جنرل احتساب تین (۳) سال کی مدت کے لیے عہدہ رکھ سکے گا اور ایسی ہی مدت یا مدتوں کے لیے دوبارہ تقرری کا اہل ہوگا''۔

بیان اغراض و وجوہ

قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (نمبر ۱۷ بابت ۱۹۹۹ء) کی دفعہ ۸ یہ صراحت کرتی ہے کہ صدر پاکستان چیئرمین نیب کی مشاورت سے کسی شخص جو عدالت عظمیٰ کے جج کے طور پر تقرر کئے جانے کی اہلیت رکھتا ہو کی تین سال کی مدت کے لئے پروسیکیوٹر جنرل احتساب کے طور پر تقرری کر سکتا ہے۔ آرڈیننس کی دفعہ ہذا انتہائی محدود ہے۔ مذکورہ دفعہ میں ترمیم کی جائے تاکہ پروسیکیوٹر جنرل کی تقرری کے ضمن میں تحدید کم کی جائے، لہٰذا، قومی احتساب آرڈیننس، ۲۰۲۱ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۲۱ء) وضع کیا گیا ہے اور دستور کے آرٹیکل ۸۹(۱) کے تحت صدر کی جانب سے اس کا نفاذ عمل میں لایا گیا۔

دستخط/-

وزیر انچارج

منسلکہ۔ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (نمبر ۱۸ بابت ۱۹۹۹ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس قومی احتساب (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔** قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء) میں، دفعہ ۸ کی شق (الف) کی ذیلی شق (سوم) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

(iii) ''پروسیکیوٹر جنرل احتساب تین (۳) سال کی مدت کے لیے عہدہ رکھ سکے گا اور ایسی ہی مدت یا مدتوں کے لیے دوبارہ تقرری کا اہل ہوگا''۔

بیان اغراض ووجوہ

قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (نمبر ۱۸ بابت ۱۹۹۹ء) کی دفعہ ۸ یہ صراحت کرتی ہے کہ صدر پاکستان چیئرمین نیب کی مشاورت سے کسی شخص جو عدالت عظمیٰ کے جج کے طور پر تقرر کئے جانے کی اہلیت رکھتا ہو کی تین سال کی مدت کے لئے پروسیکیوٹر جنرل احتساب کے طور پر تقرری کر سکتا ہے۔ آرڈیننس کی دفعہ ہذا انتہائی محدود ہے۔ مذکورہ دفعہ میں ترمیم کی جائے تاکہ پروسیکیوٹر جنرل کی تقرری کے ضمن میں تحدید کم کی جائے، لہٰذا، قومی احتساب آرڈیننس، ۲۰۲۱ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۲۱ء) وضع کیا گیا ہے اور دستور کے آرٹیکل ۸۹(۱) کے تحت صدر کی جانب سے اس کا نفاذ عمل میں لایا گیا۔

دستخط/۔

وزیر انچارج

مسلکہ۔ج

اختلافی نوٹ

نیب آرڈیننس، ۲۰۲۱ء

آرڈیننسوں کا بکثرت استعمال قانون کو بے وقت کر دیتا ہے اور انتظامیہ کی جانب سے قانون کے غلط استعمال کا امکان اور خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ یہ امر انتہائی تشویشناک ہے کہ موجودہ حکومت مختلف عہدوں پر افراد کے تقرر، ان کی بر طرفیوں اور خدمات میں توسیع کے لئے آرڈیننس کے اجراء سے معاملات کو نمٹا رہی ہے۔

پی پی پی کے اراکین اس آرڈیننس کو مسترد کرتے ہیں کیونکہ یہ بدنیتی پر مبنی ہے اور صرف یہی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ نیب کو سیاسی جوڑ کے لئے ایک آلے کے طور پر استعمال کرنے کے ضمن میں موجودہ حکومت کے ایجنڈے کو پورا کرتا ہے۔
نیب کے سرکاری وکیل کی مدت ملازمت میں توسیع کا کوئی اور مقصد نہیں ہو سکتا ہے۔

دستخط/۔	دستخط/۔	دستخط/۔
ڈاکٹر نفیسہ شاہ	حسین طارق	نوید قمر
رکن، قومی اسمبلی	رکن، قومی اسمبلی	رکن، قومی اسمبلی

منسلکہ

NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

Mrs Aliya Kamran
MNA, NA-329

4 جون، 2021

محترم، جناب ریاض فتیانہ صاحب۔
چیئرمین، اسٹینڈنگ کمیٹی لا اینڈ جسٹس۔

السلام علیکم!

گزارش ہے کہ The National Accountability (Amendment) Bill, 2021
جو کہ DG نیب کو سہولت دینے کے لیے ایک آرڈیننس متعارف کروایا گیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بلی تھیلے سے باہر آ گئی ہے۔ حکومت نیب کا گٹھ جوڑ اب سب کے سامنے آ رہا ہے نیب کے اصل آرڈیننس کے مطابق Appointment ایک دفعہ یعنی one Time تھی۔ اب اُس شخص کو دوبارہ مقرر کرنے کا راستہ بنایا جارہا ہے۔ یقیناً اکثریت کی بنیاد پر یہ ممکن ہوگا۔ مگر اخلاق اور Logie اسے Aeeept نہیں کرے گی۔ ہمارا اختلافی نوٹ ریکارڈ پر رکھا جائے تا کہ ہمارا نقطہ نظر سب کو معلوم ہو۔

Sd/- -

محترمہ عالیہ کامران
N.A-329
رکن، قومی اسمبلی۔